ایک ہی مرتبہ ہیں۔ ۲۰ دستے پڑھے جاسکیں گے، اگر اس دوران کوئی غلطی پائی گئی تو یہ آلات ان کی نشاندہی کردیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ اس طریقہ پر تجربے ہو چکے ہیں اور مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں، استاذ جاشغمی نے مزید فرمایا کہ لیزر کی شعاعوں کے استعمال سے مصحف کی طباعت کے میدان میں ترقی کا ایک نیا باب کھل گیا ہے، جس نے تمام ممکنہ غلطیوں کا سدباب کردیا ہے، اکیڈمی کے جنرل سکریٹری نے زور دیتے ہوئے فرمایا کہ مجمع الملک فہد کی کوشش ہے کہ قرآن کریم کی اشاعت کے نظام کو زیادہ ترقی یافتہ خطوط پر استوار کیا جائے گا۔ اس سلسلہ میں خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبدالعزیز کی تمام ہدایات کو روبعمل لایا جائے گا،

(المدینۃ الریاضیۃ ۱۲ محرم ۱۴۰۹ھ)

ترکی، چینی اور ھوساوی زبانوں میں قرآن کریم کے نئے تراجم

رابطہ عالم اسلامی نے اسلام کی توسیع ونشر اشاعت کیلئے جو خدمات سرانجام دی ہیں، ان میں ایک بڑی اہم اور قابل قدر خدمت مختلف زبانوں میں قرآن مجید کے تراجم کثیر تعداد میں شائع کرنا ہے۔ گذشتہ دنوں ترکی، چینی اور ہوساری زبانوں میں تراجم کی اشاعت اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اطلاعات کے مطابق اب تک ایک کروڑ چار لاکھ نسخے شائع کیے جاچکے ہیں۔

رابطہ عالم اسلامی اور مجمع الملک فہد کے مابین چینی، بنگالی، ترکی اور فارسی زبانوں میں تراجم قرآن کی اشاعت کیلئے ایک سمجھوتہ ہوا ہے، اس سمجھوتے میں تھائی زبان میں پارۂ عم کے ترجمہ کی اشاعت بھی شامل ہے۔

رابطہ میں ادارہ شئون القرآن کے ناظم استاذ یحیی ادان نے وضاحت سے بتایا کہ قرآن کریم کو زندہ عالمی زبانوں اور مسلمانوں کی مختلف زبانوں میں منتقل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے رابطہ کے محترم سکریٹری جنرل نے اس سلسلہ میں ہدایات جاری کی ہیں، تاکہ موجودہ خلا پُر ہوسکے اور اسلام کی تعلیمات عام ہوسکیں، نیز تمام مسلمانان عالم ان سے براہ راست فیضیاب ہوسکیں، انہوں نے فرمایا کہ مختلف زبانوں میں ترجمہ وتفسیر کیلئے ایسے افراد کی متعدد کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں، جو عربی زبان میں مہارت کے ساتھ ساتھ دیگر زبانوں پر بھی عبور رکھتے ہیں۔ موصوف